حافظ اللہ رکھا کلیم

# الوداع اے ماہِ رمضاں الوداع!

الوداع اے ماہِ رمضاں الوداع
ابرِ انعاماتِ یزداں ، الوداع

تیری آمد رحمتِ پروردگار / مژدۂ لطف و کرم لیل و نہار
یک شب ہست بماہِ یک ہزار / فرحتِ دل راحتِ جاں الوداع
الوداع اے ماہِ رمضاں الوداع

تھیں دلِ ویراں میں کیا شادابیاں / روح پرور شب کی وہ کم خوابیاں
اب تیری فرقت میں ہیں بے تابیاں / خلق پر خالق تھا کتنا مہرباں
الوداع اے ماہِ رمضاں الوداع

ہر زباں پر وِرد تھا قرآن کا / ضوفشاں سینوں میں نورِ ایمان کا
زور کچھ چلتا نہ تھا شیطان کا / ناخدائے بحرِ عصیاں الوداع
الوداع اے ماہِ رمضاں الوداع

عام ہے چرچا ہلالِ عید کا / دید کے قابل ہے منظر عید کا
از سرِ نو ہے پیامِ امید کا / خالقِ اکبر کے مہماں الوداع
الوداع اے ماہِ رمضاں الوداع

از قرارِ جاں یکے عہد گزشت / التفاتِ حق کہ ہمراہ تو رخت
ناشکیبائے دلِ نازک شکست / ہمدمِ خامِ نصیباں الوداع
الوداع اے ماہِ رمضاں الوداع